© rasailojaraid.com



بہر حال جہلم کی مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث میں دوران خطبہ مدیر الجامعہ نے مرحوم کی خدمات کا تذکرہ کیا اور انکے لئے دعاء مغفرت کی اور جامعہ کی مسجد سلطان اہلحدیث میں دوران خطبہ مرحوم کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور انکی نماز جنازہ پڑھی گئی اللہ تعالی انکو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرئے اور اعلی علیین مین مقام عطا فرمائے ۔ آمین ۔

## انتقال پرملال

گزشتہ دنوں جماعت کے مخیر ساتھی سائمہ کلاتھ سنٹر والے جناب شیخ محمد جاوید صاحب کی اہلیہ محترمہ طویل علالت کے بعد راولپنڈی ہسپتال میں انتقال کر گئیں انا للہ وانا الیہ راجعون انکی نمازہ جنازہ مدیر الجامعہ نے پڑھائی ۔ جنازہ میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی وجہ سے لواحقین نے مرکزی جنازہ گاہ میں لاؤڈ اسپیکر کا انتظام کیا تھا

مرحومہ انتہائی نیک سیرت ،صوم صلوۃ ،اور ذکر اذکار کرنے والی خاتون تھیں ۔اللہ تعالی انکی مغفرت فرمائے اور ان کی اولاد کو صبر جمیں اور انکے لیے صدقہ جاریہ بنائے ۔آمین ۔

جماعت کے ایک اور ساتھی چوہدری محمد اسحاق کی ہمشیرہ محترمہ گذشتہ روز انتقال کر گئیں ۔انا للہ وانا الیہ راجعون ۔ مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابندہ اور نہایت متقی وپرہیز گار خاتون تھیں ۔انکی نمازہ جنازہ مرکزی مسجد چوک اہل حدیث میں ادا کی گئی ۔

## جامعہ کے دو طلبہ کا مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ

امسال بھی جامعہ علوم اثریہ سے سند فراغت حاصل کرنیوالے دو خوش نصیب طلبہ کو مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ مل گیا ہے اور وہ دونوں طالب علم محمد یعقوب اور جمال الدین اپنے سفر مدینہ کی تیاری میں مصروف ہوگئے ہیں جامعہ کے اساتذہ اور طلبا اپنے ان محنتی ساتھیوں کو مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالی انہیں اعلی دینی تعلیم کے بعد مسلک حقہ کی اشاعت اور تبلیغ کیلئے اپنے آپ کو وقف کرنے کی توفیق دے آمین ۔۔۔۔

الحمد للہ مدینہ یونیورسٹی میں جامعہ کے ہونہار اور محنتی طلبہ اپنے تعلیمی انہماک ،شوق ،اور لگن کی وجہ سے جامعہ علوم اثریہ کی اچھی شہرت کا باعث بنے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہر سال جامعہ کے ذہین طلبہ کا داخلہ مدینہ یونیورسٹی میں بآسانی ہو جاتا ہے ۔ اللہ تعالی تمام طلبہ کو مزید محنت کی توفیق دے اور ان کے اندر خلوص اور تقوی پیدا کرے ۔ آمین ۔۔۔

## جامعہ میں ششماہی امتحانات

گذشتہ دنوں جامعہ میں تمام شعبہ جات کے ششماہی امتحانات ہوئے ۔امتحانات کے بعد درس نظامی کے طلبہ کو پہلی مرتبہ ایک ہفتہ کی تعطیلات دی گئیں ۔ دوران تعطیلات بعض طلبہ نے تبلیغ دین اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا فریضہ بھی سرانجام دیا ۔ جس کی وجہ سے جامعہ کے ایک طلبہ علم غلام مصطفی ظہیر کو قید وبند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنا پڑیں ۔ جہاں انہوں نے بڑے بلند حوصلے ،استقامت اور جرات دہباری کا ثبوت دیتے ہوئے سنت یوسفی پر عمل کیا

تعطیلات کے بعد جامعہ دوبارہ کھل گیا ہے اور تعلیم وتدریس کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# رانیول سیداں کی نو تعمیر مسجد کا افتتاح

تنظیم المساجد الاثریہ جہلم کی زیر نگرانی زیر تعمیر مساجد میں سے ایک مسجد رانیوال سیداں ضلع گجرات کی مسجد تھی جو گزشتہ دنوں پایہ تکمیل کو پہنچ گئی۔ الحمد للہ۔ اس مسجد کے نگران جناب سید ثناء اللہ شاہ صاحب تھے۔ انہوں نے اس خوبصورت، دیدہ زیب اور بڑی کشادہ مسجد کی افتتاحی تقریب کے لے ۱۵ اگست بروز جمعہ کا دن مقرر کیا۔ افتتاحی خطبہ جمعہ رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے ارشاد فرمانا تھا۔ جس کے لئے ضلع بھر میں لوگوں کو اطلاع دے دی گئی تھی۔ اس روز جمعہ سے پہلے ہی لوگ مسجد میں آنا شروع ہوگئے اور حالت یہ ہوگئی کہ یہ مسجد اپنی وسعت کے باوجود اپنی تنگی دامنی کا شکوہ کررہی تھی۔ علامہ محمد مدنی صاحب نے ڈیڑھ گھنٹہ مساجد کی اہمیت اور مسلک حقہ اہلحدیث کی صداقت پر مفصل خطاب فرمایا

اس علاقے میں جناب ثناء اللہ شاہ صاحب اپنے خاندان اور معتقدین کے ساتھ مسلک اہل حدیث قبول کرنے کے بعد رانیوال سیداں کے بڑے اہم چوک سے متصل کئی کنال قطعہ اراضی مسجد اور مدرسہ کے لیے وقف کرنے کا اعلان کیا۔ اور اس اس چوک کو " اہل حدیث چوک" کے نام سے موسوم کردیا ویا گیا

اب اسی وقف شدہ جگہ پر مسجد تعمیر کی گئی ہے۔ دعا ہے کہ اس مسجد کے بنانے میں جن جن لوگوں نے دامے، درمے، قدمے، سخنے حصہ لیا ہے اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے اور ان کا جنت میں گھر بنائے اور ان کے لئے ذریعہ نجات بنائے۔ آمین۔

## جہلم میں رکنیت سازی کی مہم

ضلع جہلم میں رکنیت سازی کا کام کچھ عرصے سے بڑے زور وشور سے شروع کیا گیا تھا الحمد للہ بڑی حد تک کام ہو چکا ہے۔ مگر شہر کے بعض حلقوں میں ہنوز کام جاری ہے۔ امید ہے جلد ہی یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔ انشاء اللہ

## دعائے صحت کی اپیل

جہلم کی جماعت کے بزرگ اراکین شیخ ولدار [illegible] ن نیر صاحب، مستری محمد یعقوب صاحب (ڈھوک عبداللہ) حاجی عبدالرحیم صاحب (زرگر) اور محمد صدیق بن مہدی خان صاحب کافی عرصہ سے صاحب فراش ہیں قارئین سے اپیل ہے کہ ان کے لئے دعائے خیر فرمائیں، اللہ تعالیٰ ان کو صحت کاملہ وعاجلہ سے نوازے۔ آمین

---

© rasailojaraid.com